## الطاف حسین کی جانب سے ملتان، مظفر گڑھ اور لودھراں کے چار کونسلروں سمیت درجنوں افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم

## تمام تر سازشوں اور زہریلے پروپیگنڈوں کے باوجود پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔18 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملتان، مظفر گڑھ اور لودھراں کے چار کونسلروں سمیت درجنوں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کی ایم کیوایم میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ استحصالی عناصر پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہو کر ایم کیوایم کے خلاف ایک بار پھر طرح طرح کی سازشیں کررہے ہیں اور ایم کیوایم کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے کررہے ہیں تاکہ ملک میں انقلاب کی خواہش دل میں رکھنے والے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھ سکیں لیکن تمام تر سازشوں اور زہریلے پروپیگنڈوں کے باوجود پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے اور گزشتہ روز ملتان میں، مظفر گڑھ اور لودھراں کے چار کونسلروں سمیت درجنوں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کی ایم کیوایم میں شمولیت اس حقیقت کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ استحصالی عناصر کی سازشیں دم توڑ رہی ہیں اور غریب ومتوسط طبقہ کی واحد نمائندہ جماعت متحدہ قومی موومنٹ ہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے تمام افراد کو دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ تحریک کے لئے سرمایہ ثابت ہوں گے۔

## ایم کیوایم یوکے یونٹ کے زیراہتمام قائد تحریک الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ جوش وجذبے سے منائی گئی

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان، یوکے یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

لندن۔۔۔18 ستمبر 2007ء

ایم کیوایم یوکے یونٹ کے زیراہتمام متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ سادگی اور جوش وجذبے سے منائی گئی۔ اس سلسلے میں پیر کو ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک تقریب منعقد کی گئی۔ جس میں رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق، سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، اراکین رابطہ کمیٹی سلیم شہزاد، محمد اشفاق، جاوید کاظمی، محمد انور، طارق میر، مصطفےٰ عزیز آبادی، سندھ کے مشیر خزانہ ایم اے جلیل، سٹی نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل، ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزرز، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور ان کے اہل خانہ نے شرکت کی۔ تمام ذمہ داران وکارکنان، خواتین اور بچوں نے جناب الطاف حسین کو ان کی 54ویں سالگرہ کی مبارکباد پیش کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام تر آزمائشوں کے باوجود وہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں جدوجہد جاری رکھیں گے۔

## حق پرست عوام اداکار کمال کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔18، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف فلمی اداکار اور ڈیفنس کلفٹن ریذیڈنس کمیٹی کے رکن محمد کمال کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ اداکار کمال کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔ واضح رہے کہ اداکار کمال گزشتہ روز عارضہ قلب کے باعث علیل ہوگئے تھے اور وہ مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## الطاف حسین کی سالگرہ پر دنیا بھر سے مبارکباد کے بے شمار پیغامات موصول ہوئے
## مبارکباد دینے والوں میں مختلف نسلی ولسانی برادریوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں

لندن۔۔۔18 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ پر پاکستان سمیت دنیا بھر سے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کی جانب سے مبارکباد کے بے شمار پیغامات موصول ہوئے۔ یہ پیغامات پاکستان کے چاروں صوبوں کے مختلف شہروں اورآزاد کشمیر کے علاوہ برطانیہ کے شہروں لندن، برمنگھم، مانچسٹر، امریکہ، کینیڈا، بیلجیئم، ناروے، جرمنی، یونان، ساؤتھ افریقہ، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات اور دیگر ممالک سے موصول ہوئے۔ مبارکباد دینے والوں میں اردو بولنے والوں کے ساتھ ساتھ پنجابی، پختون، سندھی، بلوچی، کشمیری، سرائیکی، ہزارے وال، گلگتی اور کرسچن، ہندو، پارسی، سکھ اور دیگر مذاہب کے ماننے والے اور مختلف نسلی ولسانی برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے موصول ہونے والے مبارکباد کے پیغامات میں ایم کیوایم کے کارکنوں، نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے جناب الطاف حسین کو ان کی 54ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی قیادت پر بھر پور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ بیشتر کارکنوں اور ہمدردوں نے فیکس میں خوبصورت اشعار اوراسکیچز کے ذریعے جناب الطاف حسین سے اپنی محبت وعقیدت کا اظہار کیا ہے۔مختلف ممالک سے جناب الطاف حسین کے بیشتر عقیدت مندوں کی جانب سے سالگرہ کے خوبصورت تہنیتی کارڈز بھی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کو موصول ہوئے ہیں۔

## ایم کیوایم کی امریکہ کی جانب سے الطاف حسین کی سالگرہ پر مبارکباد

شکاگو۔۔۔18، ستمبر 2007ء

ایم کیوایم اوورسیز امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، امریکہ کی مختلف ریاستوں کی یونٹ کمیٹیوں کے اراکین، کارکنان، میڈیا کمیٹی، گہوارہ ادب، معاون کمیٹی، ایڈوائزری کمیٹی اور یوتھ ونگ نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کو ان کی 54ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرستی کا کاررواں اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہے اور انشاء اللہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔انہوں نے جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جناب الطاف حسین کو صحت وتندرستی اور درازی عمر عطا کرے۔

## جوہانسبرگ میں الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ کی تقریب
## پرعزم اور ثابت قدم کارکنان تحریک کا اصل سرمایہ ہے، سلیم شہزاد
## الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ کی باقاعدہ تقریب جوہانسبرگ میں مورخہ 20، اکتوبر کو ہوگی

جوہانسبرگ۔۔۔18، ستمبر 2007ء

ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیراہتمام قائدتحریک جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ کی تقریب جوہانسبرگ میں منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کمیٹی کے ارکان، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کی سالگرہ کا کیک کاٹا اوران سے اپنے عہدوفا کی تجدید کی۔اجتماع سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال اور تنظیمی امور پر گفتگو کی۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اوورسیز کے دیگر یونٹوں کی طرح ساؤتھ افریقہ میں بھی ایم کیوایم کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔انہوں نے دیارغیر میں مصائب ومشکلات کا سامنا کرنے کے باوجود تحریکی جدوجہد جاری رکھنے والے کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک کے پرعزم، ثابت قدم اور بہادر کارکنان تحریک کا اصل سرمایہ ہے۔ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیراہتمام جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ کی باقاعدہ تقریب جوہانسبرگ میں مورخہ 20، اکتوبر 2007ء بروز ہفتہ کو ہوگی۔اس سلسلے میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کی جانب سے سالگرہ کی تقریب کے انتظامات کا سلسلہ جاری ہے۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن کے کارکن محمد حسین مادا کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن یونٹ 116 کے کارکن محمد حسین مادا کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## اسلام آباداورراولپنڈی میں الطاف حسین کی سالگرہ منائی گئی
## ایم کیوایم کے پنجاب کے ارکان نے سالگرہ کا کیک کاٹااورعہدوفا کی تجدید کی
## اسپتالوں میں زیرعلاج مریضوں کی عیادت کی گئی اورانہیں پھل پیش کیے گئے

اسلام آباد۔۔۔18،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبہ پنجاب کے زیراہتمام ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی 54 ویں سالگرہ انتہائی سادگی مگر باوقار انداز میں منائی گئی۔اس سلسلے میں اسلام آباداورراولپنڈی میں تقریبات منعقد کی گئیں جن میں ایم کیوایم پنجاب کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان،تحصیل کے ذمہ داران اورکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اورکارکنان نے جناب الطاف حسین کی سالگرہ کا کیک کاٹااور جناب الطاف حسین سے اپنے عہدوفا کی تجدید کی۔اسلام آباد میں ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے ڈپٹی انچارج زاہد ملک بھائی،ایڈہاک زونل کمیٹی کے رکن فہیم،نویدخان اورعلاقائی کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے اسلام آباد کے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز(PIMS)اور پولی کلینک(سروسز اسپتال) کا دورہ کرکے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے وہاں زیرعلاج مریضوں کی عیادت کی اورانہیں پھل پیش کیے۔دریں اثناءایم کیوایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر یاسین آزاد،تحصیل انچارج شوکت منیراورتحصیل کے کارکنان راولپنڈی میں سینٹراسپتال اورہولی فیملی اسپتال کا دورہ کرکے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے وہاں زیرعلاج مریضوں کی عیادت کی اورانہیں پھل پیش کیے۔ایم کیوایم کے ذمہ دران نے اسپتالوں میں زیرعلاج مریضوں کی خیریت دریافت کی اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## آزادکشمیرمیں الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ کی تقریب منائی گئی
## ضلع میرپور،مظفرآباد،منگلہ،کوٹلی،بجیرہ اورراولاکوٹ میں افطار پارٹیاں منعقدکی گئی،،مریضوں کوپھل کئے گئے

مظفرآباد۔۔۔18،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ آزادکشمیر میں بھی جوش وخروش کے ساتھ منائی گئی۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے ضلع میرپور،مظفرآباد،منگلہ،کوٹلی،باغ،بجیرہ اورراولا کے سول اور CMH اسپتالوں کا دورہ کرکے مریضوں کی عیادت کی اوران میں تحائف تقسیم کئے۔دریں اثناء جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے سلسلے میں ایم کیوایم آزادکشمیر کے تحت ضلع میرپور،مظفرآباد،منگلہ،کوٹلی،بجیرہ اورراولاکوٹ میں افطار پارٹیاں بھی منعقد کی گئیں جن میں کشمیری نوجوانوں،بزرگوں اورخواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پرکشمیری عوام نے جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ پرخوشی ومسرت کا اظہار کیا اوراپنی جانب سے جناب الطاف حسین کوسالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں کی گئیں۔

## بلوچستان کے مختلف شہروں میں الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ منائی گئی
## اسپتالوں میں مریضوں کو فروٹ تقسیم کئے

کوئٹہ۔۔۔18، ستمبر 2007ء

صوبہ بلوچستان کے مختلف شہروں میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ منائی گئی۔اس سلسلے میں کوئٹہ سمیت ڈیرہ، مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، زیارت، سبی، گوادر، نصیر آباد، جعفر آباد، پشین، کچلاک، اوستہ محمد، خضدار اور مستونگ میں سالگرہ کی تقریبات منعقد ہوئی جن میں ایم کیوایم کی ضلعی کمیٹیوں کے اراکین اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے عقیدت ومحبت کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی خوشی میں ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی، جوائنٹ آرگنائزر عبدالحئی بنگلزئی، فنانس سیکریٹری انتظار حسین،، ندیم شیخ، صوبائی سیکریٹری نشر واشاعت سید سلیم اختر، نعیم احمد اور صوبائی کمیٹی کے اراکین نے کوئٹہ کے مختلف اسپتالوں کا دورہ کر کے وہاں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور انہیں پھل پیش کیے۔اس موقع پر مریضوں نے سالگرہ کے موقع پر انہیں یاد رکھنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور انہیں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی۔ بعدازاں سالگرہ کے سلسلے میں ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی دفتر میں اجتماعی دعا کا اہتمام کیا گیا جس میں حق پرست شہداء کے بلند درجات، تحریکی مشن ومقصد کی کامیابی اور ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## نواب شاہ میں الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریب
## اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، زونل کمیٹی، حق پرست نمائندگان اور کارکنان نے شرکت کی
## 54پونڈ وزنی کیک کاٹا گیا، شعبہ خواتین کی جانب سے یاسلام کا ورد، مریضوں اور قیدیوں کو پھل پیش کئے گئے

نواب شاہ۔۔۔18، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 54ویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیوایم نواب شاہ زون کے زیر اہتمام یوسی 8 ڈبل روڈ پر سالگرہ کی تقریب منعقد کی گئی جس میں ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن رشید بھیا، ایم کیوایم نواب شاہ زون کے انچارج انور سلیم، جوائنٹ انچارج شیراز مسعود، زونل کمیٹی کے ارکان حسن عسکری، مرید بروہی، اکبر جبار، سیکٹر انچارجز، سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، یونٹ انچارجز، یونٹ کمیٹیوں کے ارکان، حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف، یوسی ناظمین ونائب ناظمین، کونسلرز، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی مناسبت سے 54 پونڈ وزنی کیک کاٹا گیا اور جناب الطاف حسین سے عہد وفا کی تجدید کی گئی۔قبل ازیں ایم کیوایم نواب شاہ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سلامتی کیلئے ''یاسلام'' کا ورد کیا گیا اور ان کی صحت وعافیت اور درازی عمر کیلئے دعائیں کی گئیں۔ بعدازاں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور زونل کمیٹی کے ارکان نے حق پرست نمائندگان کے ہمراہ نواب شاہ کے مختلف اسپتالوں میں زیر علاج مریضوں اور جیل میں اسیر افراد سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور انہیں پھل پیش کیے۔

## مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے رہنما حاجی سیف الدین کبزئی اور میر عبدالرشید لہڑی کی وفات پر ایم کیو ایم بلوچستان کا تعزیتی دورہ

کوئٹہ۔۔۔18، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکریٹری اور بزرگ سیاستداں حاجی سیف الدین کبزئی اور میر عبدالرشید لہڑی کی حادثاتی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومین کی رہائشگاہوں پر جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کے صوبائی دفتر کوئٹہ میں مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔ واضح رہے کہ حاجی سیف الدین کبزئی اور مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے چند عہدیداران صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف کے دورہ ژوب کی تیاریوں کے سلسلے میں قلعہ سیف اللہ کے قریب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ میں اپنے 2 ساتھیوں سمیت جاں بحق ہوگئے تھے۔

## ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن محمد حسین مادادل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلدیہ ٹاؤن یونٹ 118 کے کارکن محمد حسین مادادل کا دور پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 59 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے۔ مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، 5 بیٹے اور 3 بیٹیاں شامل ہیں۔ دریں اثناء محمد حسین مرحوم کو بلدیہ ٹاؤن نمبر 7 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد بلال میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عابد علی امنگ، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد حسین مادا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لوحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆